صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 13 مئی 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

# الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعہ 13 مئی 2016ء 5 شعبان 1437 ہجری 13 ہجرت 1395 ھش جلد 66-101 نمبر 109

## تو ہے قلوب میں

اپنا لیا عدو نے ہر ایک غیر قوم کو
تقسیم ہو کے رہ گئے ہو تم شعوب میں
سالک ! تجھے نوید خوشی دینے کے لیے
پھرتا ہوں شرق و غرب و شمال و جنوب میں
فقہی سے اس سوال کا حل ہو نہیں سکا
ہیں تجھ میں ہی قلوب کہ تو ہے قلوب میں

(حضرت مصلح موعود)

# ارشادات عالیہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

بعض لوگ جو اللہ تعالیٰ کی گو کچھ شناخت رکھتے ہیں۔ لیکن پوری شناخت اور عرفان نہیں رکھتے۔ وہ بڑے بڑے اور اہم کاموں کے لئے تو دعا کرتے ہیں اور ان کے لئے دعا کو ضروری سمجھتے ہیں۔ لیکن چھوٹے چھوٹے اور معمولی کاموں کے متعلق وہ سمجھتے ہیں کہ ان کے لئے دعا کی کیا ضرورت ہے۔ انہیں ہم اپنی طاقت اپنے زور اور اپنے وسائل سے بجالا سکتے ہیں لیکن (دین) ہمیں یہ ہدایت دیتا ہے۔ کہ تم اس غلطی میں کبھی نہ پڑنا۔ اگر جوتی کے ایک تسمہ کی بھی تمہیں ضرورت ہے۔ جو ایک آنہ یا دو آنہ میں بازار سے مل جاتا ہے۔ تو تم یہ سمجھو کہ جب تک خدا تعالیٰ کا اذن اور منشاء نہ ہو۔ تمہیں وہ تسمہ بھی نہیں مل سکتا۔ اس لئے تم جوتی کا وہ تسمہ بھی اپنے رب سے مانگو اور اس کے لئے اس سے دعا کرو۔

ایک قصہ ہے کہ ایک شخص تھا۔ جس کو نبی اکرم ﷺ کا یہ ارشاد یاد نہیں تھا۔ کہ ہر کام سے پہلے بسم اللہ پڑھ کر خدا تعالیٰ کی مدد اور نصرت طلب کیا کرو۔ اس کی جیب میں پیسے تھے۔ اور ان کی وجہ سے وہ اترا رہا تھا۔ ایک دفعہ اسے ایک گدھا خریدنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ قریب شہر میں منڈی لگی ہوئی تھی۔ چنانچہ وہ گدھا خریدنے کے لئے گھر سے نکلا لیکن گھر سے باہر نکلتے ہوئے اس نے خدا تعالیٰ کو یاد نہ کیا۔ نہ اس نے خدا تعالیٰ سے دعا کی۔ وہ شہر کی طرف جا رہا تھا۔ کہ رستہ میں اس کا ایک دوست ملا۔ اس نے اس سے دریافت کیا۔ تم اس وقت کدھر جا رہے ہو اس نے کہا میں منڈی سے ایک گدھا خریدنے جا رہا ہوں۔ منڈی میں بہت سے گدھے ہوں گے ان میں سے مَیں اپنی پسند کا ایک گدھا خرید لوں گا۔ ایک دوست نے کہا۔ بھئی تم نے یہ فقرے بڑے آرام سے کہہ دیئے ہیں۔ لیکن خدا تعالیٰ سے دعا نہیں کی۔ تم خدا تعالیٰ سے دعا کرو۔ کہ وہ تمہیں تمہاری پسند کا اور برکت والا گدھا مہیا کردے۔ اس جاہل آدمی نے جواب دیا۔ مجھے دعا کی کیا ضرورت ہے۔ روپے میری جیب میں ہیں اور گدھا منڈی میں موجود ہے۔ اور پھر میری مرضی بھی گدھا خریدنے کی ہے۔ سو مَیں منڈی کی طرف جا رہا ہوں۔ وہاں سے میں اپنی پسند کا ایک گدھا خرید لوں گا اس کے لئے خدا تعالیٰ سے دعا کرنے اور بسم اللہ پڑھنے یا انشاءاللہ کہنے کی کیا ضرورت ہے۔ بہرحال اس نے ایک بڑ ہانکی' کبر وغرور کا مظاہرہ کیا۔ خدا تعالیٰ کے مقابلہ میں ایک رنگ میں اِباء کا پہلو اختیار کیا۔ منڈیوں میں ایسے لوگوں کی تلاش میں اور ان کو سبق دینے کے لئے جیب کترے بھی ہوتے ہیں۔ چنانچہ جب وہ شخص منڈی گیا تو ایک جیب کترے نے اس کی جیب کتر لی اور اس کا سارا روپیہ نکال لیا اور اُسے اس کا علم بھی نہ ہوا۔ اس نے منڈی میں گھوم پھر کر اپنی پسند کا ایک گدھا منتخب کیا۔ وہ بڑا خوش تھا کہ اسے اس کی پسند کا گدھا مل گیا ہے اس نے سودا چکایا۔ گدھے کا مالک بھی اس کے ہاتھ وہ گدھا فروخت کرنے پر تیار ہو گیا لیکن جب اس نے رقم نکالنے کے لئے جیب میں ہاتھ ڈالا۔ تو وہاں کچھ بھی نہ تھا۔ رقم چوری ہو چکی تھی۔ اس نے اپنا سر نیچے گرایا اور بغیر گدھا خریدے اپنے گاؤں کی طرف روانہ ہو گیا۔ رستہ میں اس کا دوست ملا۔ تو وہ کہنے لگا۔ میاں تم منڈی سے گدھا خریدنے گئے تھے لیکن خالی ہاتھ واپس آرہے ہو۔ کیا بات ہے۔ اس نے جواب دیا۔ انشاءاللہ میں منڈی سے گدھا خریدنے گیا تھا۔ انشاءاللہ ایک جیب کترے نے میری جیب کتر لی۔ انشاءاللہ میری ساری رقم چوری ہو گئی۔ انشاءاللہ میں اپنی پسند کا گدھا نہیں خرید سکا۔ اس لئے انشاءاللہ مَیں بغیر گدھا خریدے اپنے گھر واپس جا رہا ہوں۔

اس واقعہ میں بتایا گیا ہے کہ اس شخص نے چونکہ کبر اور غرور کا مظاہرہ کیا تھا۔ اور اپنے اس کبر اور غرور کی وجہ سے اس نے خدا تعالیٰ سے دعا اور مدد ونصرت مانگنے کی ضرورت نہ سمجھی تھی۔ اس نے خیال کیا تھا۔ کہ جب روپے میرے پاس ہیں۔ اور گدھے منڈی میں موجود ہیں تو بسم اللہ پڑھنے۔ خدا تعالیٰ سے دعا مانگنے اور اس کی مدد ونصرت چاہنے کی کیا ضرورت ہے۔ لیکن خدا تعالیٰ نے اسے ایک سبق سکھا دیا۔ اور اگر یہ واقعہ سچا ہے تو ہوسکتا ہے کہ اس شخص کی یہ حقیر سی ناکامی اُسے آئندہ کے لئے عبودیت کے مقام پر قائم رکھنے والی ثابت ہوئی ہو۔

## دعوت الی اللہ کرنے کا عہد

حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب بقاپوری فرماتے ہیں۔

''میں اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہوں کہ 1905ء میں بوقت بیعت جو وعدہ میں نے حضرت مسیح موعود کے سامنے کیا تھا اور پھر 1906ء میں جب حضرت مسیح موعود نے مدرسہ احمدیہ کے قیام کی غرض یہ فرمائی تھی کہ ایسے مربی ہوں جو اپنی زندگیاں دعوت الی اللہ کیلئے وقف کریں۔ میں نے اپنی زندگی اسی وقت دعوت الی اللہ کیلئے وقف کی...... پس خدا تعالیٰ کا ہی لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے مجھے بفضلہٖ تعالیٰ اس عہد پر قائم رکھا۔''

جامعہ احمدیہ میں داخلے کے لئے درخواستیں وصول کی جارہی ہیں۔

(وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

## IAAAE کا سالانہ ٹیکنیکل میگزین

خدا تعالیٰ کے فضل سے انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف آرکیٹکٹس اینڈ انجینئرز (IAAAE) کو اپنا ٹیکنیکل میگزین شائع کرنے کی توفیق 1989ء سے مل رہی ہے۔ جس میں سائنسی اور ٹیکنیکل مضامین، خلیفہ وقت کے سالانہ سمپوزیم کے خطابات اور مختلف نوع کی معلوماتی رپورٹیں شائع ہوتی ہیں۔ تمام انجینئرز آرکیٹیکٹس اور اہل علم احباب وخواتین سے درخواست ہے کہ وہ اگلے میگزین کیلئے اپنے مضامین اور رپورٹیں جلد از جلد بھجوا کر ممنون فرمائیں۔ مضمون نگار اپنا پاسپورٹ سائز فوٹو بھی ہمراہ بھجوائیں۔

Email:sharis70@gmail.com

Fax:0092 47 6212296

Tel: 0092 334 6484386

0333 6713202

(صدر ٹیکنیکل میگزین کمیٹی IAAAE)

پبلشر وپرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ............ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ............ مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ............ قیمت 6 روپے

مکرم حافظ منظور احمد چیمہ صاحب

# پچیسواں جلسہ سالانہ برکینا فاسو 2016ء

اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و کرم سے جماعت احمدیہ برکینا فاسو کو مورخہ 25 تا 27 مارچ 2016ء پچیسواں جلسہ سالانہ بستان مہدی، واگا ڈوگو میں منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

## تیاری جلسہ و آمد مہمان

مکرم جیالو عبدالرحمٰن صاحب افسر جلسہ سالانہ نے جلسہ کا کام مختلف شعبہ جات میں تقسیم کیا۔

جلسہ سالانہ کی تشہیر کے لیے جدید ایجادات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے Facebook, Twitter پر جلسہ سالانہ برکینا فاسو کا اکاؤنٹ بنا کر تشہیر کی گئی۔ نیز جماعت احمدیہ کے 4 ریڈیوز پر بھی جلسہ سالانہ کے بارے میں اعلانات کئے جاتے رہے۔

جلسہ سالانہ سے ایک ہفتہ قبل ایک پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں 22 صحافی احباب نے شرکت کی۔ ان میں سے 8 اخبارات، 5 ریڈیو اور 1 ٹی وی پر جماعت کا تعارف اور جلسہ سالانہ کے بارے میں اعلان شائع ہوئے۔

افسر جلسہ سالانہ کا جماعت کے تعارف اور جلسہ سالانہ کے بارے میں LIVE انٹرویو ہوا جو دوبارہ Repeat کیا گیا۔

یہ جماعت احمدیہ کی خاصیت ہے کہ زیادہ تر کام وقار عمل کے ذریعہ سے کیا جاتا ہے۔ جلسہ سالانہ برکینا فاسو میں بھی خدام کی ایک ٹیم نے 20 یوم قبل بستان مہدی میں ہی قیام شروع کر دیا اور صبح سے رات تک وقار عمل میں حصہ لیا۔ نیز جلسہ سے 3 ہفتہ قبل ہر اتوار کو خدام و انصار کی کثیر تعداد نے وقار عمل کیا۔

برکینا فاسو کے طول و عرض سے آنے والے قافلے 103 بسوں اور دیگر ذاتی گاڑیوں کے ذریعہ جلسہ گاہ تک پہنچے۔

جلسہ کا عنوان ''دین حق اور عالمی امن'' رکھا گیا۔

دوپہر 1:30 پر مکرم میر محمود ناصر ثاقب صاحب برکینا فاسو نے جمعہ پڑھایا۔

## جلسہ کا پہلا دن

جلسہ سالانہ کا باقاعدہ آغاز مورخہ 25 مارچ 2016 شام 4 بجے ہوا۔ اس افتتاحی تقریب میں کثیر تعداد میں حکومتی و سماجی عہدیداران اور صحافی حضرات نے شرکت کی۔ وزیر اعظم برکینا فاسو Paul Teiba Kaba (پول تے باکابا) نے اپنے نمائندہ کو شرکت کے لئے بھجوایا۔ مکرم امیر و مشنری انچارج برکینا فاسو نے لوائے احمدیت لہرایا اور گورنر سنٹرل ریجن واگا ڈوگو نے برکینا فاسو کا جھنڈا لہرایا۔ پہلے سیشن کی صدارت محترم الاعصام الخامسی صاحب صدر جماعت مراکش نے کی۔ تلاوت قرآن کریم وفرنچ ترجمہ اور نظم کے بعد مکرم افسر صاحب جلسہ سالانہ نے مہمانان اور حکومتی و سماجی اداروں کے عہدیداران کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد مہمانان نے اپنے تاثرات بیان کئے۔ بعد ازاں صدر مجلس محترم الاعصام الخامسی صاحب نے احمدیت کا تعارف اور جہاد کی حقیقت پر خطاب فرمایا اور دعا کروائی اس کے ساتھ پہلے سیشن کا اختتام ہوا۔ اس کے بعد نماز مغرب و عشاء ادا کی گئیں۔

## دوسرا دن

دوسرے دن کا آغاز بھی نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کے بعد نماز کی اہمیت پر درس دیا گیا۔ سیشن کی صدارت محترم عمر معاذ صاحب نے کی۔ تلاوت قرآن کریم وفرنچ ترجمہ اور نظم کے بعد مکرم جیاؤ حسینی صاحب نے ''امن اور جنگ کے متعلق دینی تعلیمات'' کے عنوان پر تقریر کی۔ دوسری تقریر کا عنوان ''قیام امن کے لئے خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا کردار'' تھا جو مکرم جیالو محمود صاحب نے کی۔ دوپہر 1 بجے اس سیشن کا اختتام ہوا۔

تیسرے سیشن کا آغاز شام 4 بجے مکرم سومانا آبادو صاحب نائب امیر برکینا فاسو کی صدارت میں ہوا۔ تلاوت قرآن کریم وفرنچ ترجمہ اور نظم کے بعد مکرم عطاء الحبیب صاحب مربی سلسلہ نے ''خلافت کی اہمیت، ضرورت اور ہماری ذمہ داریاں'' کے عنوان پر تقریر کی۔ بعد ازاں مکرم عمر معاذ صاحب نے جولا زبان میں ''دین حق میں جہاد کا تصور'' کے موضوع پر تقریر کی۔ دونوں تقاریر کا لوکل زبانوں میں ترجمہ کیا گیا۔ شام 6:45 پر دعا کے ساتھ اس سیشن کا اختتام ہوا۔

## شبینہ اجلاس

برکینا فاسو کی قومی زبان تو فرانسیسی ہی ہے مگر مختلف علاقوں کے رہنے والے اپنے قبائل کی زبانیں ہی بولتے ہیں اور اکثر فرانسیسی سمجھتے بھی نہیں۔ تمام جلسہ کی کاروائی کا 3 بڑی لوکل زبانوں جولا، مورے اور فلفلدے میں ساتھ ساتھ ترجمہ ہوا۔ لیکن شبینہ اجلاسات میں خاص طور پر ہر زبان بولنے والوں کا الگ الگ اجلاس ہوا۔ جس میں جولا، مورے، فلفلدے اور بیسا نیز گھانا کے احباب کے لئے انگریزی شامل ہیں۔ دلچسپ اور لمبی مجالس سوال و جواب کی وجہ سے یہ اجلاسات رات دیر تک جاری رہے۔

## FEMAB کا اجلاس

ہفتہ کی رات کو FEMAB (یہ احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن ہے، جس میں تمام ملک کے سٹوڈنٹس شامل ہیں۔) کا اجلاس ہوا۔ جس کی صدارت مکرم اعصام الخامسی صاحب صدر جماعت مراکش نے کی اس میں 200 سے زائد سٹوڈنٹس نے شرکت کی۔ اس کے بعد سوال و جواب بھی ہوئے۔

## تیسرا دن

جلسہ کے تیسرے دن کا آغاز بھی الحمدللہ نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کے بعد مکرم عمر معاذ صاحب نے جولا زبان میں درس دیا۔

اختتامی اجلاس کے باقاعدہ آغاز سے قبل حسب ارشاد حضرت مسیح موعود سال گزشتہ میں وفات پانے والے احباب جماعت کے اسماء کا اعلان کیا گیا۔ اختتامی اجلاس کا آغاز مورخہ 27 مارچ 2016ء کو صبح 9:30 بجے ہوا۔ اس اجلاس کی صدارت محترم مولوی الحاج محمد بن صالح صاحب امیر و مشنری انچارج گھانا نے کی۔ تلاوت قرآن کریم، ترجمہ اور نظم کے بعد ''شہدائے احمدیت'' کے عنوان پر مکرم جیالو عبدالرحمٰن صاحب نے تقریر کی۔ اس کے بعد صدر مملکت برکینا فاسو کا ایک پیغام سنایا گیا۔ جس میں انہوں نے جلسہ کی مبارکباد دی اور جلسہ کے عنوان کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے عنوانات کی آجکل کے دور میں امن قائم کرنے کے لئے ضرورت ہے۔ یہ پیغام مکرم افسر صاحب جلسہ سالانہ نے پڑھ کر سنایا۔ اس کے بعد ساؤتھ ریجن کی گورنر (جو کہ صرف جلسہ میں شمولیت کے لئے 450 کلو میٹر کا فاصلہ طے کر کے آئیں) نے خطاب کیا۔ انہوں نے اپنی جلسہ میں شرکت کو اعزاز قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ آنے سے قبل میرا اندازہ نہیں تھا کہ میں اتنی بڑی روحانی مجلس کا حصہ بنوں گی۔ نیز جب مجھے علم ہوا کہ دیگر حکومتی عہدیداران بھی جلسہ میں شامل ہوئے تھے تو مجھے اپنے فیصلے پر مزید فخر ہوا۔ اس کے بعد محترم امیر صاحب گھانا نے اختتامی خطاب فرمایا۔

دعا سے قبل جولا، مورے اور عربی زبان میں، اطفال، ناصرات اور غانین احباب کے گروپس نے نظمیں پیش کیں، جن سے جلسہ کا اختتام انتہائی دلچسپ ہو گیا۔ دعا سے قبل صدر مجلس نے حاضری کا اعلان کیا۔ جلسہ سالانہ میں شاملین کی تعداد 10 ہزار 240 رہی۔ اختتامی دعا کے ساتھ ایک بار پھر جلسہ گاہ احمدیہ نعروں سے گونج اٹھا۔

نماز ظہر اور عصر کی ادائیگی کے بعد کھانا دیا گیا۔ اور نعرہ ہائے تکبیر بلند کرتے قافلوں کی واپسی ہوئی اور جلسہ سالانہ اپنی بابرکت یادیں چھوڑ کر ختم ہوا۔


## میڈیا کوریج

جلسہ کے سلسلہ میں 3 چینلز پر خصوصی انٹرویو ہوئے۔ ریڈیو Salan Koloto نے جلسہ کا ایک گھنٹہ کا پروگرام نشر کیا۔ اس کے علاوہ 2 ریڈیو چینلز اور 3 اخبارات کے نمائندگان جلسہ میں آئے اور انٹرویوز کئے۔

## بیت الذکر کا سنگ بنیاد

مورخہ 30 مارچ کو نمائندہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز محترم اعصام الخامسی صاحب صدر جماعت مراکش نے ریجن کایا کی جماعت Apkongo (آپکانگو) میں ایک بیت الذکر کا سنگ بنیاد رکھا۔ جس میں قریباً 450 افراد نے شرکت کی۔

**برکینا فاسو اور اس کا ماحول**



مکرم انیس احمد نفیس صاحب

# پیشگوئی مصلح موعود اور جماعت احمدیہ

## حضرت مصلح موعود کا عظیم مقام اور جماعت احمدیہ سے عظیم توقعات

یہ نشان اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو اُس وقت عنایت فرمایا جبکہ آپ ہوشیار پور اور لدھیانہ کا ایک مبارک سفر اختیار کر کے طویلہ میں رہائش اختیار کی اور قریباً چالیس دن تک وہیں پر قیام فرمایا اور اس دوران اللہ تعالیٰ سے عاجزانہ دعائیں کرتے رہے۔ تب اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعاؤں کو شرفِ قبولیت بخشتے ہوئے ایک عظیم الشان نشان عطا فرمایا جو آج جماعت احمدیہ میں ’’پیشگوئی مصلح موعودؓ‘‘ کے نام سے موسوم ہے۔

حضرت مسیح موعود پیشگوئی مصلح موعود میں مذکور ناموں کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

’’...... مصلح موعود کے حق میں جو پیشگوئی ہے وہ اس عبارت سے شروع ہوتی ہے کہ اس کے ساتھ فضل ہے جو اُس کے آنے کے ساتھ آئے گا۔ پس مصلح موعود کا نام الہامی عبارت میں فضل رکھا گیا اور نیز دوسرا نام اُس کا محمود اور تیسرا نام اس کا بشیر ثانی بھی ہے اور ایک الہام میں اس کا نام فضل عمر ظاہر کیا گیا ہے اور ضرور تھا کہ اس کا آنا معرض التوا میں رہتا جب تک یہ بشیر جو فوت ہو گیا ہے پیدا ہو کر پھر واپس اٹھایا جاتا کیونکہ یہ سب امور حکمت الٰہیہ نے اس کے قدموں کے نیچے رکھے تھے اور بشیر اول جو فوت ہو گیا ہے بشیر ثانی کے لئے بطور ارہاص تھا اس لئے دونوں کا ایک ہی پیشگوئی میں ذکر کیا گیا۔‘‘

حضرت مسیح موعود اپنی ایک کتاب میں چونتیسویں نشان کے طور پر پیشگوئی مصلح موعود کے پورے ہونے پر فرماتے ہیں:

’’چونتیسواں نشان یہ ہے کہ میرا ایک لڑکا فوت ہو گیا تھا اور مخالفوں نے جیسا کہ اُن کی عادت ہے اس لڑکے کے مَرنے پر بڑی خوشی ظاہر کی تھی تب خدا نے مجھے بشارت دے کر فرمایا کہ اس کے عوض میں جلد ایک اور لڑکا پیدا ہوگا جس کا نام محمود ہوگا اور اُس کا نام ایک دیوار پر لکھا ہوا مجھے دکھایا گیا تب میں نے ایک سبز رنگ اشتہار میں ہزارہا موافقوں اور مخالفوں میں یہ پیشگوئی شائع کی اور ابھی ستر دن پہلے لڑکے کی موت پر نہیں گزرے تھے کہ یہ لڑکا پیدا ہو گیا اور اس کا نام محمود احمد رکھا گیا۔‘‘

## دعویٰ مصلح موعود

حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب بشیر اوّل کی وفات کا تذکرہ کرتے ہوئے جماعت احمدیہ کے قیام اور اپنی پیدائش کے بارے میں فرماتے ہیں:

’’ایسے نازک حالات میں جب لوگوں کے لئے ایک ابتلاء کی سی حالت تھی اور جب اپنے بھی آپ کو چھوڑ کر بھاگ رہے تھے آپ نے اللہ تعالیٰ کے حکم کے ماتحت دنیا میں یہ اعلان فرمایا کہ خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ تو لوگوں سے بیعت لے اور ایک سلسلۂ روحانی قائم کر۔ لوگ ایسے ابتلاؤں کے وقت اِس قدر گھبرا جاتے ہیں کہ اُن کے ہوش بھی ٹھکانے نہیں رہتے مگر چونکہ وہ موعود تھا اِس لئے جب لوگ ہنس رہے تھے کہ پیشگوئی جھوٹی نکلی ایسے خطرات اور انکار کے زمانہ میں اُس نے احمدیت کی بنیاد رکھی اور لوگوں سے بیعت لینے کا اعلان فرما دیا۔ یہ اعلان آپ نے 1888ء کے آخر میں فرمایا اور 1889ء میں پیشگوئی کے مطابق آپ کے ہاں ایک بیٹا پیدا ہوا جس کا نام آپ نے تفاؤل کے طور پر (کیونکہ آپ نے لکھا کہ ابھی مجھ پر یہ نہیں کھلا کہ یہی لڑکا مصلح موعود اور عمر پانے والا ہے یا کوئی اَور ہے) محمود رکھا کیونکہ اُس بیٹے کا ایک نام اللہ تعالیٰ کی طرف سے محمود بتایا گیا تھا اور چونکہ الہام میں اُس کا ایک نام بشیر ثانی بھی رکھا گیا تھا اس لئے اُس کا پورا نام بشیر الدین محمود احمد رکھا گیا۔‘‘

حضرت مصلح موعود اپنی کیفیات زندگی اور تعلیمی حالت کا نقشہ کھینچتے ہوئے فرماتے ہیں:

’’...... وہ لڑکا میں ہی ہوں جو بارہ تیرہ سال تک خنازیر کے مرض میں مبتلا رہا۔ میں ہی وہ ہوں جو مہینوں نہیں سالوں مدقوق و مسلول لوگوں کی طرح بیمار رہا۔ ...... میں ہی وہ ہوں جو نہایت کمزور، دُبلا اور نحیف تھا۔ پھر میں ہی وہ ہوں جس کی آنکھوں میں تیرہ چودہ سال کی عمر میں شدید ککرے ہو گئے اور میں پڑھائی کے ناقابل ہو گیا یہاں تک کہ میں بورڈ کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی نہیں دیکھ سکتا تھا۔ میں ہی وہ ہوں مڈل میں بھی فیل ہوا اور انٹرنس میں بھی۔ اور میں ہی وہ ہوں جسے انگریزی کا ایک معمولی لفظ Two بھی نہیں لکھنا آتا تھا اور جس نے Two کی بجائے Tow لکھ دیا۔ پھر میں ہی وہ ہوں جس کے خلاف جماعت کے بڑے بڑے لوگ کھڑے ہو گئے۔ تمام محکموں پر ان کا قبضہ تھا، مدرسہ ان کے پاس تھا، لنگر ان کے پاس تھا، ریویو ان کے پاس تھا، جماعت کا انتظام ان کے ہاتھوں میں تھا، خزانہ ان کے پاس تھا اور مختلف عُہدے ان کو حاصل تھے۔ پھر میں ہی وہ ہوں جو اپنا بھی مخالف تھا...... چونکہ خدا کا منشا یہ تھا کہ اِس شہر میں اُس نے جو الہامات نازل فرمائے تھے اُن کو پورا کرے اور دنیا کو اپنی قدرت کا نشان دکھائے ........... جماعت اِس بات پر مُصِرّ تھی کہ کسی شخص کو خلیفہ ضرور بنایا جائے اس لئے ...... جماعت نے مجھے اپنا خلیفہ بنا لیا۔‘‘

آپ خدا تعالیٰ کی طرف سے علم قرآن دیئے جانے کے متعلق فرماتے ہیں:

’’......اللہ تعالیٰ نے مجھے رؤیا میں بتایا کہ مجھے اُس کی طرف سے قرآن کریم کا علم عطا کیا گیا ہے اور چونکہ قرآن کریم کے علم میں دنیا کے سارے علوم شامل ہیں اس لئے اس کے بعد جماعت اور (دین حق) کے لئے مجھے جس علم کی بھی ضرورت محسوس ہوئی وہ خدا نے مجھے سکھا دیا۔ چنانچہ آج میں دعوے کے ساتھ یہ اعلان کرتا ہوں بلکہ آج سے نہیں بیس پچیس سال سے میں یہ اعلان کر رہا ہوں کہ دنیا کا کوئی فلاسفر، دنیا کا کوئی پروفیسر، دنیا کا کوئی ایم۔اے، خواہ وہ ولایت کا پاس شدہ ہی کیوں نہ ہو اور خواہ وہ کسی علم کا جاننے والا ہو، خواہ وہ فلسفہ کا ماہر ہو، خواہ وہ منطق کا ماہر ہو، خواہ وہ علم النفس کا ماہر ہو، خواہ وہ سائنس کا ماہر ہو، خواہ وہ دنیا کے کسی علم کا ماہر ہو میرے سامنے اگر قرآن اور ...... پر کوئی اعتراض کرے تو نہ صرف مَیں اُس کے اعتراض کا جواب دے سکتا ہوں بلکہ خدا کے فضل سے اُس کا ناطقہ بند کر سکتا ہوں۔ دنیا کا کوئی علم نہیں جس کے متعلق خدا نے مجھ کو معلومات نہ بخشی ہوں اور اِس قدر صحیح علم جو اپنی زندگی درست رکھنے یا قوم کی راہنمائی کے لئے ضروری ہو مجھ کو نہ دیا گیا ہو۔‘‘

آپ اپنے کشف اور الہام کا ذکر کرتے ہوئے پیشگوئی مصلح موعود کے بارے میں فرماتے ہیں:

’’وہ پیشگوئی جو حضرت مسیح موعود نے اس مقام (ہوشیار پور) سے شائع فرمائی تھی وہ میرے ذریعہ سے پوری ہو چکی ہے چنانچہ وہ بات جس کے متعلق مَیں تیس سال تک خاموش رہا اُس کا میں نے دنیا میں اعلان کرنا شروع کر دیا۔ ...... میں خدا کو گواہ رکھ کر کہتا ہوں کہ میں نے کشفی حالت میں کہا اَنَا الْمَسِیْحُ الْمَوْعُوْدُ مَثِیْلُهٗ وَخَلِیْفَتُهٗ اور میں نے اِس کشف میں خدا کے حکم سے یہ کہا کہ میں وہ ہوں جس کے ظہور کے لئے اُنیس سَو سال سے کنواریاں منتظر بیٹھی تھیں۔ پس میں خدا کے حکم کے ماتحت قسم کھا کر یہ اعلان کرتا ہوں کہ خدا نے مجھے حضرت مسیح موعود کی پیشگوئی کے مطابق آپ کا وہ موعود بیٹا قرار دیا ہے جس نے زمین کے کناروں تک حضرت مسیح موعود کا نام پہنچانا ہے۔ ...... وہ پیشگوئی میرے ذریعہ سے پوری ہو چکی ہے اور اب کوئی نہیں جو اِس پیشگوئی کا مصداق ہو سکے‘‘۔

آپ ایک اور موقع پر پیشگوئی مصلح موعود کا مصداق ہونے کے متعلق فرماتے ہیں:

’’میں کہتا ہوں اور خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ہی مصلح موعود کی پیشگوئی کا مصداق ہوں اور مجھے ہی اللہ تعالیٰ نے اُن پیشگوئیوں کا مورد بنایا ہے جو ایک آنے والے موعود کے متعلق حضرت مسیح موعود نے فرمائیں۔

غرض اللہ تعالیٰ کے فضل اور اُس کے رحم سے وہ پیشگوئی جس کے پورا ہونے کا ایک لمبے عرصہ سے انتظار کیا جا رہا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اُس کے متعلق اپنے الہام اور اعلام کے ذریعہ مجھے بتا دیا ہے کہ وہ پیشگوئی میرے وجود میں پوری ہو چکی ہے اور اَب دشمنانِ (دین حق) پر خدا تعالیٰ نے کاملِ حجت کر دی ہے۔

آپ نے پیشگوئی مصلح موعود کے پورا ہونے پر احباب جماعت کو ان کی ذمہ داریوں کا احساس دلاتے ہوئے فرمایا:

’’میں اِس موقع پر جہاں آپ لوگوں کو یہ بشارت دیتا ہوں کہ خدا تعالیٰ نے آپ کے سامنے حضرت مسیح موعود کی اُس پیشگوئی کو پورا کر دیا جو مصلح موعود کے ساتھ تعلق رکھتی تھی۔ وہاں میں آپ لوگوں کو اُن ذمہ داریوں کی طرف بھی توجہ دلاتا ہوں جو آپ لوگوں پر عائد ہوتی ہیں۔ آپ لوگ جو میرے اِس اعلان کے مصدق ہیں آپ کا اوّلین فرض یہ ہے کہ اپنے اندر تبدیلی پیدا کریں اور اپنے خون کا آخری قطرہ تک (دین حق) اور احمدیت کی فتح اور کامیابی کے لئے بہانے کو تیار ہو جائیں۔ بیشک آپ لوگ خوش ہو سکتے ہیں کہ خدا نے اِس پیشگوئی کو پورا کیا بلکہ میں کہتا ہوں آپ کو یقیناً خوش ہونا چاہئے کیونکہ حضرت مسیح موعود نے خود لکھا ہے کہ تم خوش ہو اور خوشی سے اُچھلو کہ اِس کے بعد اَب روشنی آئے گی۔ پس میں تمہیں خوش ہونے سے نہیں روکتا۔ میں تمہیں اُچھلنے کودنے سے نہیں روکتا۔ بیشک تم خوشیاں مناؤ اور خوشی سے اُچھلو اور کُودو۔ لیکن میں کہتا ہوں اِس خوشی اور اُچھل کُود میں تم اپنی ذمہ داریوں کو فراموش مت کرو۔ جس طرح خدا نے مجھے رؤیا میں دکھایا تھا کہ میں تیزی کے ساتھ بھاگتا چلا جا رہا ہوں اور زمین میرے پیروں کے نیچے سمٹتی جا رہی ہے اِسی طرح اللہ تعالیٰ نے الہاماً میرے متعلق یہ خبر دی ہے کہ میں جلد جلد بڑھوں گا۔ پس میرے لئے یہی مقدر ہے کہ میں سُرعت اور تیزی کے ساتھ اپنا قدم ترقیات کے میدان میں بڑھاتا چلا جاؤں مگر اِس کے ساتھ ہی آپ لوگوں پر بھی یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ اپنے قدم کو تیز کریں اور اپنی سُست روی کو ترک کر دیں۔ مبارک ہے وہ جو میرے قدم کے ساتھ اپنے قدم کو ملاتا اور سُرعت کے ساتھ ترقیات کے میدان میں دوڑتا چلا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ رحم کرے اُس شخص پر جو سُستی اور غفلت سے کام لے کر اپنے قدم کو تیز نہیں کرتا اور میدان میں آگے بڑھنے کی بجائے منافقوں کی طرح اپنے قدم کو پیچھے ہٹا لیتا ہے۔ اگر تم ترقی کرنا چاہتے ہو، اگر تم اپنی ذمہ داریوں کو صحیح طور پر سمجھتے ہو تو قدم بقدم اور شانہ بشانہ میرے ساتھ بڑھتے چلے آؤ۔

## چند نصائح

اب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ان ارشادات کو ذیل میں دیا جا رہا ہے جس کا احباب جماعت کی تربیت سے بہت گہرا تعلق ہے۔ حضرت مصلح موعود طالب علموں کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

’’میں طالب علموں کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ

اپنے دلوں میں خاص طور پر دین کی محبت پیدا کریں اور اپنی حالتوں کو بہت زیادہ اچھا بنائیں۔ خود خداتعالیٰ کی محبت اپنے دلوں میں گاڑ لیں کیونکہ محبت ہی قدرت کلام اور شان وشوکت اور اثر کو پیدا کرتی ہے۔ پس طالب علم خاص طور پر خداتعالیٰ کی محبت اپنے دلوں میں پیدا کریں اور ایسی محبت پیدا کریں کہ دنیا کی کوئی چیز اس کے مقابلہ میں نہ ٹھہر سکے۔ جب یہ حالت ہو جائے گی تو وہ دیکھیں گے کہ ان کے اندر ایسی روشنی اور ایسا نور پیدا ہو جائے گا کہ کسی سے کوئی بات منوانے میں انہیں رکاوٹ پیش نہ آوے گی اور کوئی علم ایسا نہ ہوگا جو...... کے بطلان کے لئے نکلا ہوا ور وہ اسے پاش پاش نہ کر دیں۔“

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اپنے خطبہ جمعہ 12 دسمبر 1930ء میں احباب جماعت کو خدا کے انتخاب کی قدر کرنے کا احساس دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

”پس جماعت کے لوگوں کو چاہئے کہ خدا کے انتخاب کی قدر کریں اور ناشکری نہ کریں۔ تم ایک پٹواری کو بھی جاہل کہہ کر دیکھو وہ فوراً جواب دے گا کہ میں جاہل ہوں تو گورنمنٹ نے مجھے پٹواری کیوں بنایا حالانکہ گورنمنٹ ڈپٹی کمشنر بلکہ اس سے بھی بڑا عہدہ کسی جاہل یا بیوقوف کو دے سکتی ہے مگر خداتعالیٰ کے انتخاب میں کوئی نقص نہیں ہو سکتا۔ وہ جسے منتخب کرتا ہے صحیح طور پر کرتا ہے۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ توفیق دے کہ ہم اس کے اس عظیم الشان فضل کی قدر کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ کا فعل جہالت سے نہیں ہو سکتا اس کے انتخاب کے معنی یہی ہیں کہ قابلیت موجود ہے اور جب یہ معلوم ہو گیا تو گویا آدھا کام ہو گیا باقی نصف محنت سے ہوگا۔ خداتعالیٰ توفیق دے کہ ہم اسے بھی پورا کر سکیں۔ اگر نہ کریں گے تو اس کی ذمہ داری ہم پر ہوگی۔“

آپ اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 2/اپریل 1943ء میں احباب جماعت کو بہت بڑے انقلاب کی نوید سناتے ہوئے دعاؤں کی اہمیت واضح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”پس میں جماعت کے دوستوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ دعاؤں پر بہت زور دیں، بہت دعائیں کریں کیونکہ دنیا میں بہت بڑے انقلاب پیدا ہونے والے ہیں۔ اپنے لئے بھی بہت دعائیں کرو کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اندر بھی انقلابی روح پیدا کر دے تا ہم اس انقلاب کی اہمیت کو سمجھ سکیں جو ہمارے ذریعہ علمی، اقتصادی، سیاسی اور مذہبی لحاظ سے دنیا میں پیدا کیا جانا مقدر ہے۔ خوب یاد رکھو کہ دنیا کے بڑے بڑے سائنسدان، فلاسفر اور دیگر علوم کے ماہر تمہارے سامنے لائے جائیں گے۔ وہ تمہارے شاگرد ہونے والے ہیں۔ پس اس وقت کے لئے تیاری کرو۔“

آپ احباب جماعت کو دعوت الی اللہ کے بارے میں نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”...... ہماری جماعت کے دوستوں کو چاہئے کہ اس رنگ میں (دعوت الی اللہ) کریں کہ خداتعالیٰ کی باتوں کو پیش کریں۔ اپنے نفس کی باتیں نہ کریں۔ وہ علم دنیا کے سامنے پیش کریں جو ان کے رب کی طرف سے آیا ہے۔ اور پھر اسے ساری طاقت کے ساتھ پیش کریں۔ دن رات ایک کر کے (دعوت الی اللہ) کریں۔ ہر شخص کے سامنے اس کی عقل اور سمجھ کے مطابق دلائل کو پیش کریں اور سادہ رنگ میں بات کو پیش کیا جائے اور اپنے اوپر وہ بوجھ نہ ڈالا جائے جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے پیدا ہی نہ کیا۔ بعض یونہی اپنے اوپر کوئی ذمہ داری لے لیتے ہیں۔ ......پس چاہئے کہ (دعوت الی اللہ) میں جہاں دوسرے کی قابلیت کا خیال رکھا جائے اپنی قابلیت کا بھی خیال رکھا جائے۔ ......چاہئے کہ جسے (دعوت الی اللہ) کی جائے وہ محسوس کرے کہ اس (داعی) کے دل میں میرے لئے حقیقی درد اور سچی ہمدردی ہے۔ اس طرح بھی اگر اثر نہ ہو تو مومن کو یہ یقین رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کو ضرور پھیلانا ہے۔ اس لئے جو بھی اس کی راہ میں روک بنے گا اور مقابلہ پر آئے گا وہ ضرور تباہ ہوگا۔ یہ یقین بھی کئی دلوں کو پھیر دیا کرتا ہے۔ مگر یہ بات سب سے آخر میں ہونی چاہئے کیونکہ جو گُڑ سے مَر سکے اسے زہر دینے کی کیا ضرورت ہے۔ ہاں جو محبت، اخلاص اور خیر خواہی سے نہیں مانتے۔ عذاب الٰہی انہیں تباہ کر دیتا ہے۔ ......جو لوگ نرمی اور محبت سے نہیں مانتے اللہ تعالیٰ کی تلوار انہیں کاٹ دیا کرتی ہے“۔

آپ احباب جماعت کو عبادات اور قربانی کے متعلق نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”مسیح موعود کے زمانہ میں دشمن کو مارنے کا کام نہیں ہوگا۔ بلکہ بڑی قربانی یہ ہوگی کہ ہر انسان براہ راست اپنے نفس کو مارنے اور اسے ہلاک کرنے کی کوشش کرے۔ یہ ایک ایسا واضح پروگرام ہے کہ اس کے ہوتے ہوئے کسی اور پروگرام کی طرف جانا قطعاً دانائی نہیں ہو سکتی۔ خدا سے بہتر کون پروگرام بنا سکتا ہے۔ یقیناً خدا سے بڑھ کر اور کوئی صحیح پروگرام نہیں بنا سکتا اور خدا نے جماعت احمدیہ کا یہ پروگرام بتا دیا ہے کہ وہ عبادتیں کرے اور قربانی میں ترقی کرے۔ عبادتوں میں سے سب سے اہم عبادت نماز باجماعت ہے۔ اس کے بعد ذکر الٰہی، نوافل پڑھنا، درود پڑھنا، تسبیح تحمید اور تکبیر کرنا۔ یہ سب چیزیں عبادت میں شامل ہیں مگر میں دیکھتا ہوں ابھی تک ہماری جماعت میں اس طرف بہت ہی کم توجہ ہے۔ وہ (بیوت) میں آتے ہیں تو بجائے ذکر الٰہی کرنے کے فضول اور لغو باتوں میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ ...... حالانکہ ہمارے لئے حکم یہی ہے کہ فصل لربک تم اپنے اوقات اس طرح صرف کرو کہ وہ سب کے سب تمہاری عبادت کی گھڑیاں بن جائیں۔ پھر فرماتا ہے وانحر۔ تمہارا دوسرا کام یہ ہے کہ تم قربانیوں میں حصہ لو۔ جہاں تک مالی قربانی کا تعلق ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے آہستہ آہستہ ہماری جماعت ایک نہایت اعلیٰ مقام پر پہنچتی جا رہی ہے مگر صرف مالی قربانی ہی قربانی نہیں بلکہ اور بھی کئی قسم کی قربانیاں کرنا جماعت کا فرض ہے۔ مثلاً وقت کی قربانی ہے، یہ بھی ایک اہم قربانی ہے، جذبات کی قربانی ہے یہ بھی ایک اہم قربانی ہے، مگر ان قربانیوں میں ابھی بہت بڑی ترقی کی ضرورت ہے۔“

آپ حضرت مسیح موعود کے الہام ”میں تیری (۔) کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا“ کے متعلق فرماتے ہیں:

”یہ ہمارے لئے خداتعالیٰ کی طرف سے ایک عظیم الشان نشان ہے مگر ایسا ہی نشان جیسا کہ ایک مٹھائی والا اپنی مٹھائی کا نمونہ چکھاتا ہے جس سے اُس کی غرض یہ ہوتی ہے کہ یہ اچھی چیز ہے۔ اسے حاصل کرو۔ اللہ تعالیٰ نے بھی اپنے رحم اور کرم سے ہر قوم، ہر مذہب اور ہر ملک کے کچھ کچھ لوگ ہمیں دیئے جس سے ظاہر ہے کہ احمدیت کے مقابلہ کی دنیا میں کسی کو تاب نہیں۔ احمدیت جس قوم پر بھی حملہ آور ہوتی ہے، وہ مجبور ہو جاتی ہے کہ اپنے قلعوں کی کنجیاں اس کے حوالے کر دے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ہمیں یقین دلایا ہے کہ ہماری محنتیں اور ہماری کوششیں ہرگز ضائع نہ ہوں گی۔ اگر ہم صحیح طور پر کوشش کریں اور صحیح رنگ میں (دین حق) کی (دعوت الی اللہ) میں لگ جائیں تو پھر ہر قوم ہمارا شکار ہے اور ہر قلب کی کھڑکیاں ہمارے لئے کھلی ہوئی ہیں۔ پس ہماری ذمہ داری نہایت عظیم الشان ہے۔ ایک طرف تو خداتعالیٰ کے نشانوں سے ہمارا ایمان تازہ ہوتا ہے اور دوسری طرف خداتعالیٰ نے ہمیں اس کام پر لگایا ہے کہ روٹھی ہوئی مخلوق کو منا کر خداتعالیٰ کے آستانہ پر لے آئیں۔......“

## تحریک جدید کی غرض وغایت

آپ خطبہ جمعہ 20/جون 1941ء میں تحریک جدید کے قیام کی ایک غرض بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”تحریک جدید کی غرض بھی یہی ہے کہ وہ لوگ جو اس کے چندہ میں حصہ لیں، خدا ان کے ہاتھ بن جائے، خدا ان کے پاؤں بن جائے، خدا ان کی آنکھیں بن جائیں اور خدا ان کی زبان بن جائے اور وہ ان نوافل کے ذریعہ خداتعالیٰ سے ایسا اتصال پیدا کر لیں کہ ان کی مرضی، خدا کی مرضی، ان کی خواہشات، خدا کی خواہشات ہو جائیں۔ اس عظیم الشان مقصد کو اپنے سامنے رکھتے ہوئے تم غور کرو کہ جب تمہارا اس تحریک میں حصہ لینے سے مقصد یہ ہے کہ خدا تمہارے ہاتھ بن جائے، خدا تمہارے پاؤں بن جائے، خدا تمہاری آنکھیں بن جائیں اور خدا تمہاری زبان بن جائے تو کیا خدا کبھی سست ہوتا ہے؟ اگر نہیں تو تمہیں سمجھ لینا چاہئے کہ اگر تمہارے اندر سستی پیدا ہو گئی تو تمہارا نفل، کوئی اچھا نفل نہیں اور اس میں ضرور کوئی نہ کوئی نقص رہ گیا ہے۔ ورنہ یہ کس طرح ممکن تھا کہ نوافل کے ذریعہ خدا تمہارے ہاتھ بن جاتا اور پھر بھی تمہارے ہاتھوں میں کوئی تیزی پیدا نہ ہوتی؟ خدا کا طریق تو یہی ہے کہ وہ اپنے کاموں میں جلدی کرتا ہے اور جس کام کے کرنے کا ارادہ کرتا ہے، وہ فوراً ہو جاتا ہے۔“

آپ اپنے خطبہ جمعہ 27 نومبر 1942ء کو تحریک جدید کے قیام کی ایک اور غرض بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”تو تحریک جدید سے میری غرض جماعت میں صرف سادہ زندگی کی عادت پیدا کرنا نہیں بلکہ میری غرض انہیں قربانیوں کے تنور کے پاس کھڑا کرنا ہے تا کہ جب ان کی آنکھوں کے سامنے بعض لوگ اس آگ میں کود جائیں تو ان کے دلوں میں بھی آگ میں کودنے کے لئے جوش پیدا ہو اور وہ بھی اس جوش سے کام لے کر آگ میں کود جائیں اور اپنی جانوں کو (دین حق) اور احمدیت کے لئے قربان کر دیں۔ اگر ہم اپنی جماعت کے لوگوں کو اس بات کی اجازت دے دیتے کہ وہ باغوں میں آرام سے بیٹھے رہیں گو وہ گرمی میں کام کرنے پر آمادہ نہ ہو سکتے اور بزدلوں کی طرح پیچھے ہٹ کر بیٹھ جاتے۔ مگر اب جماعت کے تمام افراد کو قربانیوں کے تنور کے قریب کھڑا کر دیا گیا ہے تا کہ جب ان سے قربانیوں کا مطالبہ کیا جائے تو وہ اپنی جان کو قربان کرتے ہوئے آگ میں کود جائیں“۔

## ذیلی تنظیموں کی غرض وغایت

حضرت مصلح موعود ذیلی تنظیموں کے قیام کی غرض وغایت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”پس ایک طرف ہماری جماعت کو نیکی، تقویٰ، عبادت گزاری، دیانت، راستی اور عدل وانصاف میں ایسی ترقی کرنی چاہئے کہ نہ صرف اپنے بلکہ غیر بھی اس کا اعتراف کریں۔ اسی غرض کو پورا کرنے کے لئے میں نے خدام الاحمدیہ، انصار اللہ اور لجنہ اماء اللہ کی تحریکات جاری کی ہیں۔ گو میں نہیں کہہ سکتا کہ ان میں کہاں تک کامیابی ہو گی۔ بہر حال یہی ایک ذریعہ مجھے نظر آیا جو میں نے اختیار کیا اور ان سب کا یہ کام ہے کہ نہ صرف اپنی ذات میں نیکی قائم کریں بلکہ دوسروں میں بھی پیدا کرنے کی کوشش کرتے رہیں اور جب تک حتمی طور پر جبر وظلم، تعدی، بددیانتی، جھوٹ وغیرہ کو نہ مٹا دیا جائے اور جب تک ہر امیر غریب اور چھوٹا بڑا اس ذمہ داری کو محسوس نہ کرے کہ اس کا کام صرف یہی نہیں کہ خود عدل وانصاف قائم کرے بلکہ یہ بھی کہ دوسروں سے بھی کرائے، خواہ وہ افسر ہی کیوں نہ ہو، ہماری جماعت اپنوں اور دوسروں کے سامنے کوئی

اچھا نمونہ قائم نہیں کرسکتی۔ اسی طرح اگر جماعت تعداد کے لحاظ سے بھی ترقی نہ کرے تو دنیا فوائد حاصل نہیں کرسکتی۔......اگر حضرت مسیح موعود کا بادل قادیان یا زیادہ سے زیادہ چند بستیوں پر برس جائے اور چند کھیت ہی اس سے فائدہ اٹھائیں تو یہ امر یاد رکھے جانے کے قابل نہیں ہوگا۔ لیکن اگر وہ دنیا کے ہر کھیت کو سیراب کرے اور ہر فرد کو تازگی بخشے تو یہ ایک تاریخ میں یاد رکھے جانے کے قابل بات ہوگی اور دنیا ہمارے نام کو عزت اور احترام سے یاد رکھے گی۔ پس ہمارا سب سے اہم فرض یہ ہے کہ اس پیغام کو جو حضرت مسیح موعود کے ذریعے نازل ہوا دنیا کے کناروں تک پہنچائیں‘‘۔

حضرت مصلح موعود ایک موقع پر تینوں ذیلی تنظیموں کا ایک ہی کام بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

’’پس مجلس انصاراللہ، خدام الاحمدیہ اور لجنہ اماءاللہ کا کام یہ ہے کہ جماعت میں تقویٰ پیدا کرنے کی کوشش کریں اور اس کے لئے پہلی ضروری چیز ایمان بالغیب ہے۔ انہیں اللہ تعالیٰ، ملائکہ، قیامت، رسولوں اور ان شاندار عظیم الشان نتائج پر جو آئندہ نکلنے والے ہیں، ایمان پیدا کرنا چاہئے۔ انسان کے اندر بزدلی اور نفاق وغیرہ اسی وقت پیدا ہوتے ہیں جب دل میں ایمان بالغیب نہ ہو۔ اس صورت میں انسان سمجھتا ہے کہ میرے پاس جو کچھ ہے یہ بھی اگر چلا گیا تو پھر کچھ نہ رہے گا اور اس لئے وہ قربانی کرنے سے ڈرتا ہے۔ یومنون بالغیب کے ایک معنی امن دینا بھی ہے یعنی جب قوم کا کوئی فرد باہر جاتا ہے تو اس کے دل میں یہ اطمینان ہونا ضروری ہے کہ اس کے بھائی اس کے بیوی بچوں کو امن دیں گے......پس ان تینوں مجلسوں کا ایک یہ بھی کام ہے کہ جماعت کے اندر ایسی امن کی روح پیدا کریں۔ ان تینوں مجالس کو کوشش کرنی چاہئے کہ ایمان بالغیب ایک میخ کی طرح ہر احمدی کے دل میں اس طرح گڑ جائے کہ اس کا ہر خیال، ہر قول اور ہر عمل اس کے تابع ہو اور یہ ایمان قرآن کریم کے علم کے بغیر پیدا نہیں ہوسکتا۔......پس مجالس انصاراللہ، خدام الاحمدیہ اور لجنہ کا یہ فرض ہے اور ان کی یہ پالیسی ہونی چاہئے کہ وہ یہ باتیں قوم کے اندر پیدا کریں اور ہر ممکن ذریعہ سے اس کے لئے کوشش کرتے رہیں۔......حضرت مسیح موعود کی کتب کو بار بار پڑھایا جائے، یہاں تک ہر مرد اور عورت ہر چھوٹے بڑے کے دل میں ایمان بالغیب پیدا ہو جائے۔ ...... دوسری ضروری چیز نماز پوری شرائط کے ساتھ ادا کرنا......‘‘

